No. of Printed Pages : 7

# BUDC-112

## B.A. Hons. (Urdu)

## (BAUDH)

### Term-End Examination

### December, 2025

### BUDC-112 : Special Study of Allama Iqbal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ علامہ اقبال کے سوانحی حالات و کوائف کا جامع انداز





میں احاطہ کیجئے اور ان کی زندگی کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔ ۲۰

یا

علامہ اقبال کے عہد کے سیاسی اور سماجی منظرنامے کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۲۔ علامہ اقبال پر مشرقی اور مغربی مفکرین کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ ۲۰

یا

اقبال کے اہم اسفار کی تفصیل بیان کرتے ہوئے ان اسفار کے ان کی فکر پر مرتب ہونے والے اثرات پر روشنی ڈالیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

(حصہ ب)

۳۔ اقبال کی شاعری میں خودی کے تصور کی وضاحت کیجیے۔اس نظریے کی تشکیل اور عملی اطلاق پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵

یا

اقبال کی شاعری میں عشق کے تصور پر تفصیلی بحث کیجیے۔

۴۔ اقبال کی شاعری میں قومیت اور حب الوطنی کے تصورات کی روشنی میں ان کے فکر و فلسفہ کو بیان کیجئے۔ ۱۵





یا

اقبال کی نظم نگاری کے تین ادوار کی مفصل وضاحت کیجئے۔

(حصہ ج)

۵۔ علامہ اقبال کی نظم ''ساقی نامہ'' کا تجزیہ کیجیے۔ ۱۰

یا

اقبال کی غزل گوئی کے منفرد پہلوؤں کو بیان کیجئے۔

۶۔ ''تصویرِ درد'' کے فکری نکات پر بحث کیجیے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

اقبال کے خطوط نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے۔ ۱۰

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں
یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں

قناعت نہ کر عالم رنگ بو پر
چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں





اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا غم
مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا
مجھے فکر جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا

اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لا مکاں خالی
خطا کس کی ہے یا رب لا مکاں تیرا ہے یا میرا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

اسے صبح ازل انکار کی جرأت ہوئی کیوں کر
مجھے معلوم کیا وہ رازداں تیرا ہے یا میرا

محمد بھی ترا جبریل بھی قرآن بھی تیرا
مگر یہ حرف شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا

اسی کوکب کی تابانی سے ہے تیرا جہاں روشن
زوال آدم خاکی زیاں تیرا ہے یا میرا

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com